بسم اللہ الرحمن الرحیم

إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا

اللّٰهم صل علی سیدنا محمد وعلی آل سیدنا محمد وبارک وسلم

الحمد للہ والمنۃ

کہ دریں زمان سعادت اقتران بفضل

ایزد منان تحفہ عجائب وہدیہ غرائب الی اللہ

مقبول بارگاہ شاہ کونین حضرت محمد رسول اللہ

مسمّٰی بہ

مجموعہ صلوات الرسول

الجزء الرابع عشر ۱۴

فی قالہ ومقالہ صلی اللہ علیہ وسلم

از تصنیف خادم مخلوق الملک السبحان خلیفہ حضرت شاہ جیلان

حضرت خواجہ خواجگان خواجہ محمد عبدالرحمن صاحب

ساکن چھوہر شریف ضلع ہری پور

صوبہ سرحد پاکستان

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان، رحمت والا ہے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡۤ اَسۡئَلُكَ بِکِبۡرِیَآءِ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○ وَبِثَنَآءِ

اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی بڑائی کے طفیل اور بسم اللہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○ وَبِبَهَآءِ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

الرحمٰن الرحیم کی ثنا کے طفیل اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی رونق وبہار کے طفیل

وَبِبَیَانِ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○ وَبِفَصِیۡحِ اللِّسَانِ بِسۡمِ اللّٰہِ

اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے بیان کے طفیل اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی

الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ○ؕ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

فصاحت لسانی (اور روانی) کے طفیل۔ سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جو رب العالمین ہے۔ غایت رحمت والا۔ مہربان ہے۔

مٰلِكِ یَوۡمِ الدِّیۡنِ ○ؕ اِیَّاكَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاكَ نَسۡتَعِیۡنُ ○ؕ اِھۡدِنَا الصِّرَاطَ

قیامت کے دن کا مالک ہے۔ تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ سے ہی توفیق طلب کرتے ہیں۔ چلا ہمیں راہ

الۡمُسۡتَقِیۡمَ ○ صِرَاطَ الَّذِیۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَیۡهِمۡ غَیۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَیۡهِمۡ

راست پر۔ راہ ان لوگوں کی جن پر تو نے انعام فرمایا ہے نہ ان کی جن پر غضب کیا گیا ہے

وَلَا الضَّآلِّیۡنَ ○ اٰمِیۡنَ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی رَسُوۡلٌ مِّنَ اللّٰہِ یَتۡلُوۡا

اور نہ گمراہوں کی آمین۔ فرمایا اللہ تعالیٰ نے: رسول ہیں اللہ کی طرف سے جو تلاوت کرتے ہیں

صُحُفًا مُّطَهَّرَةً ○ فِیۡهَا كُتُبٌ قَیِّمَةٌ ○ؕ وَقَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَمَا یَنۡطِقُ

پاکیزہ صحیفوں کی ان میں پائیدار اور درست کتابیں ہیں۔ اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے اور وہ نہیں بولتے

عَنِ الۡهَوٰی ○ؕ اِنۡ هُوَ اِلَّا وَحۡیٌ یُّوۡحٰی ○ اَللّٰهُمَّ اجۡعَلۡنِیۡ طَوِیۡلَ الۡعُمۡرِ

خواہش نفس سے نہیں ان کا کلام مگر وحی جو انہیں کی جاتی ہے۔ اے اللہ بنا مجھے عمر دراز والا

لِاَقۡوَالِ اَعۡمَالِ اَفۡعَالِ اَخۡیَالِ اَحۡوَالِ الصَّالِحَةِ بِحُرۡمَتِهٖ صَلّٰی

واسطے صالح اقوال و اعمال اور خیالات واحوال کے لیے بطفیل حرمت نبی صلّی

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ
اللہ علیہ وسلم کے ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فَصِیْحِ اللِّسَانِ وَعَجِیْبِ الْبَیَانِ وَعَمِیْمِ الْاِحْسَانِ
کی آل پر جو فصیح زبان والے ۔ عجیب بیان والے ۔ محیط احسان والے
وَسَلِیْمِ الْجَنَانِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ
اور سلیم قلب والے ہیں ۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّا اسْتَضَاءَ الْقَمَرَانِ النَّبِیِّ اٰخِرِ الزَّمَانِ وَکَامِلِ الْفَضْلِ
آل پر جو کہ پیغمبر آخر الزمان ہیں جب تک روشن رہیں سورج اور چاند اور جو کامل فضل
وَالْاِحْسَانِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
و احسان والے ہیں ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور سیدنا محمدؐ کی آل
اَشْرَفِ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ اَللّٰھُمَّ اَعْطِنِیْ تَکْمِیْلَ کَمَالِ الْکَمَالِ فِیْ
جو بہت فضل و شرف والے ہیں اولین سے ۔ اے اللہ عطا فرما مجھے تکمیل کمال خالص کی
تَحْصِیْلِ کَمَالَاتِ الْحَقِیْقَۃِ الْاِنْسَانِیَّۃِ وَحَقِّ الْمَعْرِفَۃِ
خالص و کامل کمالات کے حاصل کرنے میں جو متعلق ہیں حقیقت انسانیہ سے اور معرفت عرفانیہ کے
الْعِرْفَانِیَّۃِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ
حق وتقاضا سے ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام اور برکات نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور سیدنا
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ الْھَادِی الْاِنْسِ وَالْجَانِّ وَتَآمِّ الْغُفْرَانِ وَالشَّافِعِ
محمدؐ کی آل پر جو ہادی ہیں واسطے انسانوں اور جنوں کے اور مغفرت والے ہیں شفاعت فرمانے والے ہیں ایسی
بِشَفَاعَۃِ الْکَبَآئِرِ وَالصَّغَآئِرِ وَغَیْرِھِمْ مِنَ الْعَمَدِ وَالنِّسْیَانِ وَ
شفاعت جو کبائر و صغائر اور دیگر ارادی اور غیر ارادی طور پر سرزد ہونے والے گناہوں کو شامل ہے اور
بِمَغْفِرَۃِ غُفْرَانِ الْغُفْرَانِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
ساتھ ایسی مغفرت وبخشش کے جو کامل غفران کا سبب ہے ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر

وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ تَاجِ الرِّضْوَانِ وَوَاعِظٍ بِالْقُرْاٰنِ بِتَفْسِیْرِ
اور سیدنا محمدؐ کی آل پر جو محبوب رضا وضوان کا تاج ہیں اور قرآن کے ساتھ وعظ فرمانے والے ہیں تفسیر
الْفُرْقَانِ وَبِتَیْسِیْرِ الْعَیَانِ وَالْبَیَانِ وَالدَّاعِیْ اِلَی الْاِیْمَانِ بِالْاِیْمَانِ
قرآن اور عیان و بیان کی تسہیل کے ذریعے اور دعوت دینے والے ہیں طرف ایمان کے ساتھ ایمان و ایقان کے ساتھ
وَبِالْخُضُوْعِ وَالْخُشُوْعِ فِی الصَّلٰوۃِ وَغَیْرِھَا فِیْ کُلِّ الْاَعْمَالِ مَعَ
اور خضوع و خشوع کے نماز اور دیگر تمام اعمال میں بمع
الْاِخْلَاصِ وَالْاِیْقَانِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی
اخلاص اور ایقان کے ۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور
اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣ الْقَآئِلِ اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا
سیدنا محمدؐ کی آل پر جنھوں نے فرمایا: اعمال کے ثواب کا دار و مدار صرف نیتوں پر ہے ۔ اور صلواۃ نازل فرما
مُحَمَّدِ ۣ الْقَآئِلِ الْمَجَالِسُ بِالْاَمَانَاتِ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣ الْقَآئِلِ
سیدنا محمدؐ پر جن کا قول ہے کہ "مجالس امانتوں پر مشتمل ہوتی ہیں" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کا قول
اٰفَۃُ الدِّیْنِ الْھَوٰی وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣ الْقَآئِلِ الْقُرْاٰنُ ھُوَ
ہے کہ "دین کی آفت اور تباہی خواہش نفس ہے" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کا قول ہے کہ "قرآن مجید ہی
الدَّوَآءُ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣ الْقَآئِلِ مَنْ رَّاقَبَ الْمَوْتَ نَھٰی عَنِ
دواء و شفا ہے" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کا قول ہے "جس نے موت کو نگاہ میں رکھا وہ لذات نفس سے
اللَّذَّاتِ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣ الْقَآئِلِ مَنْ زَھَدَ فِی الدُّنْیَا ھَانَتْ
باز رہا" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کا قول ہے جو دنیا سے بے رغبت ہو گیا
عَلَیْہِ الْمُصِیْبَاتُ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣ الْقَآئِلِ کُنْتُمْ صِغَارَ قَوْمٍ
اس پر مصیبتیں آسان ہو گئیں" اور صلواۃ بھیج سیدنا محمدؐ پر جن کا قول ہے "تھے تم ایک قوم کے خورد سال
سَتَعُوْدُوْنَ کِبَارَ قَوْمٍ اٰخَرِیْنَ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣ الْقَآئِلِ اِنَّ
پس عنقریب ہو جاؤ گے دوسری قوم کے بزرگ کبیر السن" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کا فرمان ہے کہ "بیشک

اللہ یحب ابناء السبعین ویستحیی من ابناء الثمانین وصل علی

اللہ تعالیٰ محبوب رکھتا ہے ستر سالہ لوگوں کو اور شرم و حیاء فرماتا ہے اسی سالہ لوگوں سے اور صلواۃ نازل فرما

سیدنا محمد القائل الناس نیام فاذا ماتوا انتبھوا وصل علی

سیدنا محمد پر جن کا فرمان ہے کہ "لوگ سوئے ہوئے ہیں جب فوت ہوں گے تو بیدار ہوں گے اور صلواۃ نازل فرما

سیدنا محمد القائل الناس معادن خیارھم فی الجاھلیۃ خیارھم

سیدنا محمد پر جن کا فرمان ہے کہ "لوگ معادن اور کانیں ہیں جو ان میں بہتر تھے جاہلیت میں وہ بہتر ہیں

فی الاسلام اذا فقھوا وصل علی سیدنا محمد القائل کم من مستقبل

اسلام میں جب دین کا فہم حاصل کریں" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا فرمان ہے "کتنے لوگ ملاقات کرنے والے

یوما لا یستکملہ وصل علی سیدنا محمد القائل المرء مع من احب و

ہیں دن کی جس کو وہ مکمل نہیں کر سکیں گے" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا فرمان ہے کہ "ہر شخص اسی کے ساتھ ہوگا جس سے

صل علی سیدنا محمد القائل الزھد فی الدنیا یریح القلب و

محبت رکھے گا" اور صلواۃ و نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے "دنیا سے بے رغبتی دل کو راحت پہنچاتی ہے" اور

صل علی سیدنا محمد القائل الخیر عائدۃ وصل علی سیدنا

صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ "نیکی لوٹ کر آنیوالی ہے اپنے فاعل کی طرف" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا

محمد القائل الدعاء مخ العبادۃ وصل علی سیدنا محمد القائل

محمد پر جن کا قول ہے "سوال اور طلب حاجت عبادت کا مغز و روح ہے" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ

لا صغیرۃ مع الاصرار وصل علی سیدنا محمد القائل لا کبیرۃ

"نہیں کوئی گناہ چھوٹا باوجود اس پر اصرار کرنے کے" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ "نہیں کوئی گناہ بڑا

مع الاستغفار وصل علی سیدنا محمد القائل ان لکل شیء

ساتھ استغفار کے" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ "ہر چیز کی

معدنا و معدن التقوی قلوب العارفین وصل علی سیدنا

معدن و کان ہے اور تقویٰ کی کان عرفاء کے قلوب ہیں۔ اور صلواۃ نازل فرما سیدنا

محمد القائل ان لکل شیء قلبا و قلب القرآن سورۃ یٰس وصل

محمد پر جن کا قول ہے "بے شک ہر شئی کے لیے دل ہے اور قرآن مجید کا دل سورۂ یٰسین ہے۔ اور صلواۃ نازل فرما

علی سیدنا محمد القائل کفارۃ الذنب الندامۃ وصل علی سیدنا

سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ "گناہ کا کفارہ ندامت و پشیمانی ہے" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا

محمد القائل نعم الشفیع القرآن لصاحبہ یوم القیمۃ وصل

محمد پر کہ جن کا قول ہے "اچھا شفیع قرآن ہے اپنے پڑھنے اور حفظ کرنیوالے کے لیے قیامت کے دن" اور صلواۃ نازل فرما

علی سیدنا محمد القائل اذکرکم اللہ فی اھل بیتی وصل علی

سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ "میں تمہیں اللہ کی یاد دہانی کراتا ہوں اپنے اہل بیت میں۔ اور صلواۃ نازل فرما

سیدنا محمد القائل شفاعتی لاھل الکبائر من امتی وصل

سیدنا محمد پر جن کا قول ہے "میری شفاعت ثابت ہے میری اُمت میں سے کبیرہ گناہ والوں کے لیے بھی" اور صلواۃ نازل

علی سیدنا محمد القائل من حسن اسلام المرء ترکہ ما لا

فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ "آدمی کے اسلام کے کامل ہونے کی علامات سے ہے اس کا

یعنیہ وصل علی سیدنا محمد القائل اللہ فی عون العبد ما کان

بے مقصد امور کو ترک کر دینا" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے "اللہ تعالیٰ بندے کی مدد میں ہوتا ہے جب تک

العبد فی عون اخیہ وصل علی سیدنا محمد القائل اذا احب

بندہ اپنے بھائی کی مدد میں ہو۔ اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ "جب محبت کرے

احدکم اخاہ فلیعلمہ وصل علی سیدنا محمد القائل المسلم

تم میں سے کوئی اپنے مسلمان بھائی سے تو اس کو آگاہ کرے اپنی محبت سے" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے

اخو المسلم لا یظلمہ ولا یسلمہ وصل علی سیدنا محمد القائل

کہ "مسلمان بھائی ہے مسلمان کا نہ اس پر ظلم کرتا ہے اور نہ اس کو (دشمنوں کے) حوالے کرتا ہے" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ

سباب المسلم فسوق و قتالہ کفر وصل علی سیدنا محمد القائل

"مسلمان کو گالی گلوچ کرنا فسق ہے اور اس سے قتال کفر ہے" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا قول ہے

مَنْ مَّاتَ عَلٰی خَیْرِ عَمَلِهٖ فَارْجُوْا لَهٗ خَیْرًا وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ

کہ "جو فوت ہوا اچھے عمل پر تو اس کے لیے خیر کی امید رکھو" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر

الْقَآئِلِ کَادَ الْفَقْرُ اَنْ یَّکُوْنَ کُفْرًا وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الْقَآئِلِ

جن کا قول ہے کہ "قریب ہے کہ فقر و فاقہ کفر بن جائے" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کا قول ہے

اُکْتُمِ السِّرَّ تَکُنْ مُّؤْمِنًا وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الْقَآئِلِ اَحْسِنْ

کہ اگر تو پوشیدہ رکھے راز کو تو ہوگا مومن کامل" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر کہ جن کا قول ہے۔ اگر اچھا

مُحَاوَرَةَ مَنْ جَاوَرَكَ تَکُنْ مُّحْسِنًا وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الْقَآئِلِ

اور خوب رکھے انداز تکلم اپنے پڑوسی سے تو ہو جائے گا محسن اور نکوکار" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کا قول ہے کہ

اِذَا بِعْتَ فَکِلْ وَاِذَا ابْتَعْتَ فَاکْتَلْ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الْقَآئِلِ

"جب تو بیچے تو بھی کیل کر اور جب خریدے تو بھی کیل کرے اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کا قول ہے

مَنِ اسْتَطَاعَ مِنْکُمْ اَنْ یَّبِیْتَ وَلَیْسَ فِیْ قَلْبِهٖ غِلٌّ لِّاٰخَرَ فَلْیَفْعَلْ

کہ "تم میں سے جو استطاعت رکھے کہ رات گذارے اس حال میں کہ اسکے دل میں کسی کے لیے کینہ نہ ہو تو ضرور اس طرح کرے"

وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الْقَآئِلِ لَا یُؤْمِنُ اَحَدُکُمْ حَتّٰی یُحِبَّ

اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر کہ جن کا فرمان ہے "نہیں مومن ہو سکتا کوئی بھی تم میں سے یہاں تک کہ پسند کرے

لِاَخِیْهِ مَا یُحِبُّ لِنَفْسِهٖ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الْقَآئِلِ اِنَّ اللّٰهَ

اپنے مسلمان بھائی کے لیے جو پسند کرتا ہو اپنے لیے اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کا قول ہے کہ "بے شک اللہ تعالیٰ

یُنْزِلُ الْعَبْدَ حَیْثُ اَنْزَلَتْهُ نَفْسُهٗ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الْقَآئِلِ

اتارتا ہے بندے کو اس منزل میں جہاں اسے اس کا نفس اتارے۔ اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کا قول ہے

مَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ اُخْرِجَ نُوْرُ الْاِیْمَانِ مِنْ جَوْفِهٖ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

کہ "جس نے شراب پیا لایا جائے گا نور ایمان اس کے اندر سے۔ اور صلواۃ نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدِ الْقَآئِلِ مَنْ رَّمٰی مُؤْمِنًا بِکُفْرٍ فَهُوَ کَقَتْلِهٖ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

محمدؐ پر جن کا قول ہے جس نے مومن کو کفر کے ساتھ طعنہ دیا تو وہ اس کے قتل کی مانند ہے اور صلواۃ نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدِ الْقَآئِلِ اَلْمُؤْمِنُ هَیِّنٌ لَّیِّنٌ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الْقَآئِلِ

محمدؐ پر جن کا قول ہے کہ ہر مومن آہستگی و نرم خوئی والا ہے۔ اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کا قول ہے

اَلْحَلَالُ بَیِّنٌ وَّالْحَرَامُ بَیِّنٌ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الْقَآئِلِ اَوَّلُ

"حلال واضح ہے اور حرام واضح ہے" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کا قول ہے کہ "پہلا امر

مَا یُقْضٰی بَیْنَ النَّاسِ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ فِی الدِّمَآءِ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

جس میں فیصلہ صادر کیا جائے گا لوگوں کے درمیان قیامت میں وہ خون اور قتل ہوگا" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدِ الْقَآئِلِ اِرْحَمُوْا مَنْ فِی الْاَرْضِ یَرْحَمْکُمْ مَّنْ فِی السَّمَآءِ وَ

محمدؐ پر جن کا قول ہے کہ "رحم کرو زمین والوں پر رحم کریں گے تم پر آسمان والے" اور

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الْقَآئِلِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ تَمْلَاُ الْمِیْزَانَ وَصَلِّ عَلٰی

صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کا قول ہے کہ "الحمد للہ (کہنے سے) ترازوئے حسنات بھر جاتا ہے۔ اور صلواۃ

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الْقَآئِلِ اَلرَّاحِمُوْنَ یَرْحَمُهُمُ الرَّحْمٰنُ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کا قول ہے کہ "رحم کرنے والوں پر اللہ رحمٰن رحم فرماتا ہے" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدِ الْقَآئِلِ مَنْ لَّا یَرْحَمُ لَا یُرْحَمُ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ

محمدؐ پر جن کا قول ہے کہ "جو رحم نہیں کرتا اس پر رحم نہیں کیا جائے گا" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر

الْقَآئِلِ اَحَبُّ الْبُیُوْتِ اِلَی اللّٰهِ بَیْتٌ فِیْهِ یَتِیْمٌ مُّکْرَمٌ

کہ جن کا قول ہے "سب گھروں سے اللہ تعالیٰ کے ہاں زیادہ پسندیدہ وہ گھر ہے جس میں یتیم کی عزت و تکریم کی جاتی ہو

وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الْقَآئِلِ کُلُّ مَعْرُوْفٍ صَدَقَةٌ

اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کا قول ہے "کہ ہر نیکی صدقہ ہے"

وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الْقَآئِلِ اَلْاِسْتِقْصَآءُ فُرْقَةٌ

اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر کہ جن کا قول ہے "تحقیق اور جستجوئے احوال میں انتہاء (باعث) فرقت ہے"

وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الْقَآئِلِ بُعِثْتُمْ مُّیَسِّرِیْنَ وَ

اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر کہ جن کا قول ہے "تم مبعوث ہوئے ہو سہولت کے لیے اور

لَمْ تُبْعَثُوْا مُعَسِّرِيْنَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ

نہیں پیدا کئے گئے تنگی اور عسرت کے لیے" اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمّد پر کہ جن کا قول ہے

مَا مَنَعَ قَوْمٌ الزَّكٰوةَ اِلَّا ابْتَلَاهُمُ اللّٰهُ بِالسِّنِيْنَ وَصَلِّ عَلٰى

"نہیں روکتی کوئی قوم زکوٰۃ کو مگر اللہ تعالیٰ انہیں مبتلا فرماتا ہے قحط و خشک سالی میں" اور صلواۃ نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ مَا خَلَطَتِ الزَّكٰوةُ مَالًا اِلَّا اَفْسَدَتْهُ وَصَلِّ

سیّدنا محمّد پر کہ جن کا قول ہے "نہیں مدد کی جاتی زکوٰۃ کسی مال کے ساتھ مگر اس کو ہلاک کرتی ہے" اور صلواۃ

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ اِنَّ الصَّدَقَةَ مَا تُرِكَتْ فِىْ مَالٍ لَمْ تُخْرَجْ

نازل فرما سیّدنا محمّد پر کہ جن کا قول ہے "صدقہ نہیں ترک کیا جاتا کسی مال میں کہ نہ نکالا جائے

مِنْهُ اِلَّا اَتْلَفَهٗ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ يَسِّرُوْا وَلَا تُعَسِّرُوْا

اس سے مگر اس مال کو برباد کرتا ہے" اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمّد پر کہ جن کا فرمان ہے "سہولت پیدا کرو اور تنگی نہ کرو

وَبَشِّرُوْا وَلَا تُنَفِّرُوْا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ اِنَّ اللّٰهَ وِتْرٌ

اور بشارت دو نفرت نہ دلاؤ۔ اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمّد پر جن کا قول ہے کہ "بے شک اللہ تعالیٰ وتر ہے

يُحِبُّ الْوِتْرَ فَاَوْتِرُوْا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ لَا يَدْخُلُ

وتر کو محبوب رکھتا ہے لہٰذا وتر ادا کرو۔ اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمّد پر کہ جن کا قول ہے "نہیں داخل ہوگا

الْجَنَّةَ نَمَّامٌ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ اَبْخَلُ النَّاسِ مَنْ

جنّت میں چغل خور" اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمّد پر جن کا قول ہے کہ "سب لوگوں سے بڑا بخیل وہ ہے

بَخِلَ بِالسَّلَامِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ مَا فِى الْجَنَّةِ

جو سلام کے ساتھ بخل کرے۔ اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمّد پر جن کا قول ہے کہ "نہیں جنّت میں

شَجَرَةٌ اِلَّا وَسَاقُهَا مِنْ ذَهَبٍ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ

کوئی درخت مگر اس کا تنہ سونے کا ہے" اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمّد پر جن کا قول ہے

لِكُلِّ امْرِءٍ فِى الْجَنَّةِ زَوْجَتَانِ وَمَا فِى الْجَنَّةِ اَعْزَبُ وَصَلِّ عَلٰى

کہ ہر مرد مسلم کے لیے جنّت میں دو بیویاں ہوں گی اور نہیں ہوگا جنّت میں کوئی ناکتخدا اور صلواۃ نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ سَيِّئُ الْمَلَكَةِ وَصَلِّ عَلٰى

سیدنا محمّد پر کہ جن کا فرمان ہے "نہیں داخل ہوگا جنّت میں بُری عادات و اخلاق والا" اور صلواۃ نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ مَنْ يَّزْرَعْ شَرًّا يَّحْصُدِ النَّدَامَةَ وَصَلِّ عَلٰى

سیّدنا محمّد پر کہ جن کا فرمان ہے "جو کاشت کرے گا شر کو کاٹے گا ندامت کو" اور صلواۃ نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ مَنْ مَّاتَ مِنْ اَصْحَابِىْ بِاَرْضٍ فَهُوَ شَفِيْعٌ

سیّدنا محمّد پر کہ جن کا فرمان ہے "میرے اصحاب میں سے جو بھی کسی زمین میں فوت ہوگا تو وہ شفیع ہوگا

لِاَهْلِ تِلْكَ الْاَرْضِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ

اس علاقہ والوں کے لیے قیامت کے دن اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمّد پر جن کا قول ہے

مَنْ سَرَّهٗ اَنْ يَّسْلَمَ فَلْيَلْزَمِ الصَّمْتَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ

کہ "کہ جسے یہ اچھا لگے کہ وہ سلامت رہے تو وہ خاموشی کو لازم پکڑے" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمّد پر کہ جن کا قول ہے

لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ لَحْمٌ نَّبَتَ مِنْ سُحْتٍ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

"ہرگز نہیں داخل ہوگا جنّت میں وہ گوشت جو پیدا ہوا حرام سے" اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمّد پر

الْقَائِلِ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ لَحْمٌ غُذِىَ بِالْحَرَامِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

کہ جن کا فرمان ہے "نہیں داخل ہوگا جنّت میں وہ گوشت جس کو غذا دی گئی حرام سے" اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَلَا يُدْخِلُ

محمّد پر جن کا قول ہے جو ایمان رکھتا ہو اللہ تعالیٰ اور روزِ قیامت پر پس وہ نہ داخل کرے

حَلِيْلَتَهُ الْحَمَّامَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ اِنَّ فِى الْجَنَّةِ

اپنی زوجہ کو حمام میں اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمّد پر جن کا قول ہے کہ "جنّت میں

بَيْتًا يُّقَالُ لَهٗ بَيْتُ السَّخَا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ مَنْ

ایک مکان ہے جس کو بیت السخاء کہا جاتا ہے" اور صلواۃ نازل فرما سیّدنا محمّد پر کہ جن کا فرمان ہے "جو

اَرَادَ اَنْ يَّسْتَجِيْبَ اللّٰهُ لَهٗ عِنْدَ الشَّدَآئِدِ فَلْيُكْثِرْ مِنَ الدُّعَآءِ فِى

چاہے کہ قبول فرمائے اللہ تعالیٰ اس کے لیے دعوات مشکلات میں تو چاہئے کہ زیادہ دُعا کرے

الرَّخَاءِ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ اَلسَّخَاوَةُ خُلُقُ اللّٰهِ الْاَعْظَمِ

خوشحالی کے دور میں" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر کہ جن کا فرمان ہے "سخاوت اللہ تعالیٰ کے عظیم تر اخلاق میں سے ہے"

وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ تَنَاکَحُوْا فَاِنِّیْ مُکَاثِرٌ بِکُمُ الْاُمَمَ

اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کا فرمان ہے "نکاح کرو کیونکہ میں تمہاری طرف سے کثرت پر فخر کروں گا دیگر امم پر"

وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ اَلْمُؤْمِنُ حُلْوٌ یُحِبُّ الْحَلَاوَةَ وَ

اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کا قول ہے کہ "مومن میٹھا اور شیریں ہے محبوب رکھتا ہے شیرینی کو" اور

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ مَا جُبِلَ وَلِیُّ اللّٰهِ اِلَّا عَلَی السَّخَاوَةِ

صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کا قول ہے کہ "نہیں پیدا کیا جاتا اللہ تعالیٰ کا ولی مگر صفت سخاوت پر"

وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ جَفَّ الْقَلَمُ بِمَا هُوَ کَائِنٌ وَ صَلِّ

اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کا قول ہے کہ "خشک ہوگئی قلم تقدیر ساتھ اس کے جو ہونیوالا ہے" اور صلوٰۃ نازل

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ تَهَادُوْا فَاِنَّ الْهَدِیَّةَ تُذْهِبُ

فرما سیدنا محمدؐ پر کہ جن کا قول ہے" باہم ہدیے دیا کرو کیونکہ ہدیے دور کر دیتے ہیں

بِالصَّغَائِنَ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ لَیْسَ الْخَبَرُ کَالْمُعَایَنَةِ

قلبی بغض اور کینوں کو۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کا قول ہے کہ "نہیں خبر مانند مشاہدہ کے"

وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ مَا مِنْ نَسَمَةٍ کَائِنَةٍ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ

اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کا قول ہے "نہیں کوئی نفس وجود میں آنے والا قیامت تک

اِلَّا وَهِیَ کَائِنَةٌ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ اِذَا اَرَادَ اللّٰهُ بِعَبْدٍ

مگر وہ موجود ہو کر رہے گا" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کا قول ہے "جب اللہ تعالیٰ ارادہ کرے کسی بندے

خَیْرًا یُّفَقِّهْهُ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ اَلْحَیَاءُ خَیْرٌ کُلُّهٗ وَ

کے ساتھ بھلائی کا تو اسے دین کی سمجھ عطا کرتا ہے" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کا قول ہے "حیاء تمامتر خیر ہے" اور

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ دَعُوا الْمِرَآءَ لِقِلَّةِ خَیْرِهٖ وَصَلِّ عَلٰی

صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کا ارشاد ہے "جھگڑے کو ترک کرو اس میں خیر نہ ہونے کی وجہ سے" اور صلوٰۃ نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ رَحِمَ اللّٰهُ وَالِدًا اَعَانَ

سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر جن کا ارشاد ہے کہ "رحم فرمائے اللہ تعالیٰ اس والد پر جو اعانت کرے

وَلَدَهٗ عَلٰی بِرِّهٖ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ لَا اِیْمَانَ کَالصَّبْرِ

اپنی اولاد کی نیکی پر" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کا ارشاد ہے "نہیں ایمان مانند صبر

وَالْحَیَآءِ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ مَنْ اَکْرَمَ عَالِمًا اَکْرَمَهُ

اور حیاء کے" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کا فرمان ہے "جس نے عالم کی عزت کی اللہ تعالیٰ اس کی

اللّٰهُ بِکَرَامَةِ الْاَنْبِیَآءِ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ خَیْرُ

عزت افزائی فرمائے گا مانند اکرام انبیاء علیہم السلام کے۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کا قول ہے "بہترین

الْاُضْحِیَةِ الْکَبْشُ الْاَقْرَنُ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ اَلْحَیَآءُ

قربانی سینگوں والا مینڈھا ہے" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کا فرمان ہے "حیاء

حَسَنٌ وَلٰکِنَّهٗ فِی النِّسَآءِ اَحْسَنُ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ

خوبتر ہے لیکن وہ عورتوں میں بہت ہی خوبترین ہے" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کا قول ہے

اٰفَةُ الْعِلْمِ النِّسْیَانُ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ اَلْحَیَآءُ شُعْبَةٌ

کہ علم کے لیے آفت نسیان ہے" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کا قول ہے کہ "حیاء عظیم شعبہ ہے

مِّنَ الْاِیْمَانِ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ مَا کَانَ الْحَیَآءُ فِیْ

ایمان سے" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کا فرمان ہے "نہیں ہو گا حیاء کسی

شَیْءٍ اِلَّا زَانَهٗ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ مَا کَانَ الْفُحْشُ

چیز میں مگر اس کو مزین کر دے گا" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کا قول ہے "نہیں ہوگی بیحیائی اور فحش گوئی

فِیْ شَیْءٍ اِلَّا شَانَهٗ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ اَلْحَیَآءُ لَا یَاْتِیْ

کسی شئی میں مگر اس کو عیب ناک کردیگی" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کا قول ہے کہ "حیاء نہیں لاتا

اِلَّا بِخَیْرٍ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ لِکُلِّ نَبِیٍّ حَوَارِیٌّ وَّحَوَارِیَّ

مگر خیر اور بھلائی" اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کا قول ہے کہ "کہ ہر نبی کے لیے حواری ہوتے ہیں اور میرے حواری و مددگار

الزُّبَيْرُ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَآئِلِ كَفٰى بِالْقُرْاٰنِ نَاصِحًا وَّ
حضرت زبیر ہیں" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا قول ہے "کافی ہے قرآن بطور ناصح کے" اور
صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَآئِلِ لَوْ كَانَ الْحَيَآءُ رَجُلًا لَّكَانَ رَجُلًا
صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا قول ہے "اگر حیاء صورت انسانی پر ہوتا تو
صَالِحًا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَآئِلِ كَثْرَةُ الضِّحْكِ يُمِيْتُ الْقَلْبَ
نیک مرد ہوتا" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے "زیادہ ہنسنا دل کو مردہ بنا دیتا ہے"
وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَآئِلِ اِذَا مُدِحَ الظَّالِمُ اشْتَدَّ غَضَبُ
اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ "جب ظالم کی تعریف کی جائے تو رب تعالیٰ بہت
الرَّبِّ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَآئِلِ مَا خَابَ مَنِ اسْتَشَارَ
غضب فرماتا ہے" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا قول ہے "نہ رسوا ہوا جس نے مشورہ طلب کیا
وَلَا نَدِمَ مَنِ اسْتَخَارَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَآئِلِ مَنْ لَّمْ
اور نہ پشیمان ہوا جس نے استخارہ کیا۔ اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ "جس نے
يَتَخَلَّلْ فِي الْوُضُوْءِ خَلَّلَهُ اللّٰهُ فِي النَّارِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ
وضو میں خلال نہ کیا اللہ تعالیٰ اس کا خلال کرائے گا آتش دوزخ سے۔ اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر
الْقَآئِلِ لِيَبِلُّوْا طَعَامَكُمْ يُبَارَكْ لَكُمْ فِيْهِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ
جن کا قول ہے "اپنے طعام کو ناپلو تو برکت دی جائے گی اس میں تمہارے لیے اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر
الْقَآئِلِ اِنَّ مِنْ اَبَرِّ الْبِرِّ اَنْ يَّصِلَ الرَّجُلُ اَهْلَ وُدِّ اَبِيْهِ وَصَلِّ
جن کا قول ہے یہ بہت بڑی نیکی ہے یقیناً کہ آدمی وصل و پیوند برقرار رکھے اپنے باپ کے محبت والوں سے" اور صلواۃ نازل فرما
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَآئِلِ مَنْ غَشَّنَا فَلَيْسَ مِنَّا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا
سیدنا محمد پر جن کا قول ہے "جو ہمارے ساتھ دھوکہ کرے ہم میں سے نہیں ہے اور صلواۃ نازل فرما سیدنا
مُحَمَّدِنِ الْقَآئِلِ مَنْ اَكَلَ الثُّوْمَ فَلْيَعْتَزِلْنَا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ
محمد پر کہ جن کا قول ہے "جو اپچے لہسن کھائے تو وہ ہم سے الگ رہے" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر

الْقَآئِلِ مَنْ قَتَلَ وَزْغَةً فَلَهٗ حَسَنَةٌ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ
کہ جن کا قول ہے "جس نے سام ابرص کو قتل کیا تو اس کے لیے نیکی ہے" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ
الْقَآئِلِ مَنْ قَادَ اَعْمٰى اَرْبَعِيْنَ خُطْوَةً وَّجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ وَصَلِّ
جن کا قول ہے "جس نے اندھے کی رہنمائی کی چالیس قدم تک واجب ہو گئی اس کے لیے جنت" اور صلواۃ نازل فرما
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَآئِلِ رُدُّوا السَّآئِلَ وَلَوْ بِظِلْفِ الْحَرْقِ وَصَلِّ
سیدنا محمد پر کہ جن کا قول ہے "لوٹاؤ سائل کو (کچھ دیکر) اگرچہ جلا ہوا ہی پایا ہو" اور صلواۃ نازل فرما
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَآئِلِ اِيَّاكُمْ وَالْحَلْفَ فِي الْبَيْعِ فَاِنَّهٗ يُنْفِقُ ثُمَّ
سیدنا محمد پر کہ جن کا قول ہے "اپنے آپ کو بچاؤ خرید و فروخت میں حلف سے کیونکہ وہ سوداگری کو وقتی طور پر رونق دیتی
يُمْحِقُ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَآئِلِ اُعْطُوا الْاَجِيْرَ اَجْرَهٗ قَبْلَ
ہے پھر بے برکت کرتی ہے اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے "ادا کرو مزدور کو اس کی اجرت اس کا
اَنْ يَّجِفَّ عَرَقُهٗ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَآئِلِ عَاشَ مَنْ عَرَفَ
پسینہ خشک ہونے سے قبل" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا قول ہے "زندہ رہا جس نے
قَدْرَهٗ وَكَفَّ النَّاسَ شَرَّهٗ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَآئِلِ اَعْجَزُ
اپنی قدر پہچانی اور لوگوں سے اپنے شر کو دور رکھا" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا قول ہے "سب لوگوں سے
النَّاسِ مَنْ عَجَزَ فِي الدُّعَآءِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَآئِلِ
بڑا عاجز وہ ہے جو دعا سے عاجز ہو" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا فرمان ہے
اَلْمُؤْمِنُ يَاْكُلُ مِنْ مِّعَآءٍ وَّاحِدٍ وَّالْكَافِرُ يَاْكُلُ مِنْ سَبْعَةِ اَمْعَآءٍ
کہ "مومن ایک انتڑی میں کھاتا ہے اور کافر کھاتا ہے سات انتڑیوں میں" اور
وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَآئِلِ اَلْقَنَاعَةُ كَنْزٌ لَّا يَفْنٰى وَصَلِّ
صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے "قناعت ایسا خزانہ ہے جو فنا نہیں ہوتا" اور صلواۃ نازل
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَآئِلِ صَلٰوةُ الَّيْلِ مَثْنٰى مَثْنٰى وَصَلِّ عَلٰى
فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ "رات کی نماز دو دو رکعت ہے" اور صلواۃ نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْقَائِلِ زَیِّنُوْٓا اَعْیَادَکُمْ بِالتَّکْبِیْرِ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

سیدنا محمد پر جن کا قول ہے " اپنی عیدوں کو مزین کرو تکبیروں کے ساتھ" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدِ نِ الْقَائِلِ لَیْسَ مِنَّا مَنْ لَّمْ یُوَقِّرِ الْکَبِیْرَ وَیَرْحَمِ الصَّغِیْرَ وَ

محمد پر جن کا قول ہے کہ " نہیں ہے ہم میں سے جس نے نہ عزت کی بڑے کی اور نہ رحم کیا چھوٹے پر " اور

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْقَائِلِ بُرُّوْٓا اٰبَآءَکُمْ یَبَرَّکُمْ اَبْنَآءُکُمْ وَ

صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے "تم اپنے آباء سے نیکی اور احسان کرو تمہارے بیٹے تمہارے ساتھ

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْقَائِلِ عِفُّوْا عَنْ نِّسَآءِ النَّاسِ تَعِفُّ

احسان کریں گے" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا فرمان ہے " لوگوں کی عورتوں سے دامن بچا کر رکھو تو تمہاری عورتیں بھی

نِسَآءُکُمْ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْقَائِلِ لَنْ یَّهْلِكَ امْرُءٌ مَّعَ

پاکدامن رہیں گی۔ اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ " ہرگز ہلاک نہیں ہوگا کوئی شخص

مَشْوَرَةٍ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْقَائِلِ لَنْ یُّفْلِحَ قَوْمٌ وَلَّوْا

مشورہ کے ہوتے ہوئے" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے "ہرگز فلاح نہیں پائے گی وہ قوم جنہوں نے اپنے

اَمْرَهُمْ اِمْرَءَةً وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْقَائِلِ صَاحِبُ الدَّآبَّةِ

معاملات کسی عورت کو سونپے" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا قول ہے " جانور کا مالک

اَوْلٰی بِصَدْرِهَا وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْقَائِلِ مَنْ سَتَرَ عَوْرَةً

اس کی پشت کی صدر نشینی کا زیادہ حقدار ہے" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے "جس نے کسی کے عیب یا شرمگاہ پر

فَکَاَنَّمَآ اَحْیَا مَوْءُوْدَةً فِیْ قَبْرِهَا وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْقَائِلِ

پردہ ڈالا تو گویا اس نے زندہ درگور کی ہوئی لڑکی کو زندہ کیا" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا قول ہے

اِنَّ لِلّٰهِ مَآ اَخَذَ وَلَهٗ مَآ اَعْطٰی وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْقَائِلِ مَنْ

" اللہ ہی کے لیے ہے جو اس نے لے لیا اور جو اس نے عطا کیا" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا

قَالَ فِی الْقُرْاٰنِ بِرَاْیِهٖ فَاَصَابَ فَقَدْ اَخْطَاَ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ

قول ہے جس نے قرآن میں رائے زنی کی پس صواب کو پا لیا تو پھر بھی وہ خطا کار ہے" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر

الْقَائِلِ لَا یَمَسَّ اَحَدُکُمْ ذَکَرَهٗ بِالْیَدِ الْیَمِیْنِ اِذَا تَوَضَّاَ وَصَلِّ

جن کا قول ہے " نہ مس کرے کوئی تم میں سے اپنی شرم گاہ کو دائیں ہاتھ سے جب استنجاء کرے" اور صلواۃ نازل فرما

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْقَائِلِ فُکُّوا الْعَانِیَ وَاَطْعِمُوا الْجَائِعَ وَزُوْرُوا الْمَرْضٰی

سیدنا محمد پر جن کا قول ہے " قیدیوں کو رہا کراؤ۔ بھوکوں کو کھلاؤ اور مریضوں کی زیارت و عیادت کرو"

وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْقَائِلِ اَلْخَیْرُ مَعْقُوْدٌ فِیْ نَوَاصِی الْخَیْلِ

اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا قول ہے "خیر اور بھلائی گھوڑوں کی پیشانیوں سے بندھی ہوئی ہے"

وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْقَائِلِ عَلَیْکُمْ بِالدُّلْجَةِ فَاِنَّ الْاَرْضَ

اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ " لازم پکڑو سفر کو رات کی تاریکی میں کیونکہ زمین

تُطْوٰی بِاللَّیْلِ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْقَائِلِ لِکُلِّ الصَّآئِمِ

رات کو (گویا) لپیٹ دی جاتی ہے۔ اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ "ہر روزہ دار کی دعا

دَعْوَةٌ مُّسْتَجَابَةٌ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْقَائِلِ یُعْجِبُ رَبُّكَ مِنْ

مستجاب و مقبول ہے" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا قول ہے " تیرا رب خوش ہوتا ہے اس

شَابٍّ لَّیْسَ لَهٗ صَبْوَةٌ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْقَائِلِ رَاَیْتُ مُوْسٰی

جوان سے جس میں خواہش نفس کی طرف میلان نہ ہو" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے "میں نے دیکھا موسیٰ علیہ السلام

قَآئِمًا یُّصَلِّیْ فِیْ قَبْرِهٖ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْقَائِلِ ضَحِكَ رَبُّكَ مِنْ

کو نماز پڑھتے ہوئے اپنی قبر میں" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ "تیرے رب نے (گویا) تعجب فرمایا

قُنُوْطِ عِبَادِهٖ وَقُرْبِ خَیْرِهٖ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْقَائِلِ لَا یَقْرَءُ الْجُنُبُ

بندوں کی ناامیدی سے باوجود اس کی خیر اور بھلائی کے قریب" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا فرمان ہے کہ "نہ پڑھے جنبی

وَلَا الْحَآئِضُ شَیْئًا مِّنَ الْقُرْاٰنِ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْقَائِلِ خَزَآئِنُ

اور حیض والی عورت کوئی شئی بھی قرآن سے" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے " اللہ تعالیٰ کے خزائن

اللّٰهِ فَاِذَآ اَرَادَ شَیْئًا قَالَ لَهٗ کُنْ فَکَانَ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْقَائِلِ دَعْوَةُ

غیر فانی ہیں کیونکہ جب ارادہ فرمائے کسی شئے کا فرمائے گا ہو جا تو وہ ہو جائے گی" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے " دعا

الرَّجُلِ لِاَخِیْهِ بِظَهْرِ الْغَیْبِ یُسْتَجَابُ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ اِتَّقُوْا

ہر شخص کی اپنے بھائی کے لیے اس کے پس پشت مقبول ہوتی ہے" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کا قول ہے " جو تم

دَعْوَةَ الْمَظْلُوْمِ فَاِنَّهٗ لَیْسَ بَیْنَهَا وَ بَیْنَ اللّٰهِ حِجَابٌ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

مظلوم کی دعا سے کیونکہ نہیں ہے درمیان اس کے اور درمیان اللہ تعالیٰ کے حجاب اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر

الْقَائِلِ دَعْوَةُ الرَّجُلِ عَلٰی وَلَدِهٖ مُسْتَجَابَةٌ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ

جن کا قول قول ہے دُعا ہر شخص کی اپنی اولاد کے خلاف مقبول ہے" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کا قول ہے کہ

مِنْ سَعَادَةِ الْمَرْءِ اَنْ یَّطُوْلَ عُمُرُهٗ وَیَرْزُقَهُ اللّٰهُ الْاِنَابَةَ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

انسان کی نیکبختی سے ہے اس کی درازی عمر اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کو توفیق رجوع و توبہ اور صلواۃ نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ مَنْ طَلَبَ الْقَضَاءَ وُکِّلَ اِلَیْهِ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

محمدؐ پر جن کا قول ہے کہ جس نے عہدہ قضاء طلب کیا وہ اپنے نفس کے حوالے کر دیا گیا" اور صلواۃ نازل فرما محمدؐ پر کہ

الْقَائِلِ مَنْ تَابَ قَبْلَ اَنْ تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ مَّغْرِبِهَا تَابَ اللّٰهُ عَلَیْهِ

جن کا قول ہے "جس نے توبہ کر لی آفتاب کے مغرب سے طلوع ہونے سے قبل تو اللہ تعالیٰ اس پر نظر رحمت فرمائے گا

وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ طَلَبُ الْحَلَالِ فَرِیْضَةٌ بَعْدَ الْفَرِیْضَةِ

اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کا قول ہے "کہ طلب حلال فرض ہے مانند دوسرے فرائض کے"

وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ یُؤْتٰی بِالرَّجُلِ الْعَظِیْمِ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ

اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر کہ جن کا قول ہے" لایا جائے گا بڑے فربہ و جسیم آدمی کو قیامت کے

فَلَا یَزِنُ عِنْدَ اللّٰهِ جَنَاحَ بَعُوْضَةٍ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ

دن کہ نہ برابر ہوگا اللہ تعالیٰ کے نزدیک مچھر کے پر کے" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر کہ جن کا قول ہے

اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ الرِّفْقَ فِی الْاَمْرِ کُلِّهٖ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ لَا

بیشک اللہ تعالیٰ محبوب رکھتا ہے نرمی کو تمام امور میں" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر کہ جن کا قول ہے" نہ

یُعْجِبُکُمْ اِسْلَامُ رَجُلٍ حَتّٰی تَنْظُرُوْا فِیْ کُنْهِ عَقْلِهٖ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

تعجب میں ڈالے تمہیں کسی کا اسلام لانا یہاں تک کہ نظر کرو اس کے عقل کی گہرائی میں" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ اَلتُّرَابُ رَبِیْعُ الصِّبْیَانِ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ

محمدؐ پر کہ جن کا قول ہے "مٹی بچوں کے لیے بہار ہے" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر کہ جن کا قول ہے

لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ مَّثَّلَ بِالْحَیْوَانِ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ اِنَّ

"اللہ تعالیٰ لعنت کرنے اس پر جو حیوان کا مثلہ کرے اور حلیہ بگاڑے اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کا قول ہے" بیشک

اللّٰهَ یُبْغِضُ الْحِبْرَ السَّمِیْنَ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ مَا طَلَعَتِ

اللہ تعالیٰ مبغوض رکھتا ہے فربہ عالم کو" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر کہ جن کا قول ہے "نہیں طلوع کرتا

الشَّمْسُ قَطُّ اِلَّا بِجَنْبَیْهَا مَلَکَانِ یَقُوْلَانِ اَللّٰهُمَّ اَعْطِ مُنْفِقًا خَلَفًا وَّ

سورج کبھی مگر اس کے دونوں پہلوؤں پر دو فرشتے ہوتے ہیں جو کہتے ہیں اے اللہ عطا کر خرچ کرنیوالے کو بہتر بدل اور

اَعْطِ مُمْسِکًا تَلَفًا وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ اِنَّ الْحِکْمَةَ تَزِیْدُ

مسلط فرما کنجوس پر ہلاکت" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر کہ جن کا قول ہے "بے شک حکمت و دانائی

الشَّرَفَ شَرَفًا وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ مَنْ لَّمْ یَشْکُرِ النَّاسَ

اہل شرف کے شرف میں اضافہ کرتی ہے" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کا قول ہے جس نے لوگوں کا شکر ادا نہ کیا

لَمْ یَشْکُرِ اللّٰهَ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ مَنْ تَوَاضَعَ لِلّٰهِ رَفَعَهُ

تو اس نے اللہ کا بھی شکر ادا نہیں کیا" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کا قول ہے جس نے اللہ کے لیے تواضع کی اللہ تعالیٰ اس کو

اللّٰهُ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ رَوِّحُوا الْقُلُوْبَ سَاعَةً فَسَاعَةً

بلندی عطا کرے گا" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کا قول ہے راحت پہنچاؤ دلوں کو لحظہ بہ لحظہ"

وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ اِذَا وُسِّدَ الْاَمْرُ اِلٰی غَیْرِ اَهْلِهٖ فَانْتَظِرُوا

اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کا قول ہے "جب سونپا جائے امر نااہلوں کی طرف تو انتظار کرو

السَّاعَةَ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰی تُعْبَدَ

قیامت کا۔ اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کا قول ہے کہ قیامت قائم نہ ہو گی یہاں تک کہ

اللَّاتُ وَالْعُزّٰی وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَائِلِ مَا عَفَا رَجُلٌ

لات و عزیٰ کی عبادت کی جائے گی۔ اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر کہ جن کا قول ہے کہ "نہیں معاف کریگا کوئی شخص

عن مظلمة الا زاده الله بها عزا وصل علی سیدنا محمد القائل
اپنے حق سے مگر اللہ تعالیٰ اس کی عزت میں ترقی دے گا" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا قول ہے
ما عال من اقتصد وصل علی سیدنا محمد القائل اکثر ما یدخل
"نہیں محتاج ہوگا جس نے درمیانہ روی سے کام لیا" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے "زیادہ تر جو چیزیں لوگوں کو
الناس النار الکبر والحسد وصل علی سیدنا محمد القائل خیر
جہنمی بناتی ہے تو وہ تکبر اور حسد ہیں" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا قول ہے۔ بہترین
الذکر الخفی وخیر الرزق ما یکفی وصل علی سیدنا محمد القائل
ذکر ذکر خفی ہے اور بہترین رزق وہ ہے جو کفایت کرے" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا فرمان ہے
اکثروا من ذکر هاذم اللذات والجنة تحت اقدام الامهات وصل
"زیادہ ذکر کرو لذات کو ختم کرنی والی یعنی موت کا اور جنت ماؤں کے قدموں کے نیچے ہے اور صلواۃ نازل فرما
علی سیدنا محمد القائل تحفة المؤمن الموت وصل علی سیدنا
سیدنا محمد پر کہ جن کا قول ہے "موت مومن کے لیے تحفہ ہے" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا
محمد القائل کفی بالمرء اثما ان یضیع من یقوت وصل علی
محمد پر کہ جن کا قول ہے "کافی ہے مرد کے گناہگار ہونے کیلئے کہ ضائع کرے اسے جو روزی میں اس کا محتاج ہو" اور صلواۃ نازل
سیدنا محمد القائل کفی بالموت واعظا وکفی بالیقین رضا وصل
فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے "کافی ہے موت بطور واعظ کے اور کافی ہے یقین از روئے رضا کے اور صلواۃ نازل فرما
علی سیدنا محمد القائل زوروا القبور فانها تزهد فی الدنیا و
سیدنا محمد پر جن کا قول ہے" زیارت کرو قبروں کی کیونکہ وہ تارک دنیا بناتی ہیں" اور
صل علی سیدنا محمد القائل کسر عظم المیت ککسره حیا وصل
صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے" فوت شدہ کی ہڈی توڑنا اس کو زندگی میں توڑنے کے برابر ہے اور صلواۃ
علی سیدنا محمد القائل لعن الله زوارات القبور وصل علی
نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے" لعنت فرمائی اللہ تعالیٰ نے قبور کی زیارت کرنیوالی عورتوں پر اور صلواۃ نازل فرما

سیدنا محمد القائل اذا دعی الرجل امراته فلتاته ولو کانت علی
سیدنا محمد پر جن کا قول ہے "جب خاوند اپنی عورت کو بلائے تو اسے چاہیئے کہ وہ آئے اس کے پاس اگرچہ
التنور وصل علی سیدنا محمد القائل الحمی حظ کل مؤمن
تنور پر ہی ہو" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے" تپ حصہ ہے ہر مومن کا آتش
من النار وصل علی سیدنا محمد القائل یقطع ید السارق فی
دوزخ سے" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے " قطع کیا جائے ہاتھ چور کا
ربع دینار وصل علی سیدنا محمد القائل ان لکل حسنة ثوابا و
چوتھائی دینار میں" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ" ہر نیکی پر ثواب ہے اور
لکل سیئة عقابا وصل علی سیدنا محمد القائل الموت کفارة لکل
ہر گناہ پر عذاب ہے" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے "کہ موت ہر مسلمان
المسلم وصل علی سیدنا محمد القائل ابغض الرجال الی الله الالد الخصم
کے لیے کفارہ ہے اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ" سب سے زیادہ مبغوض اللہ کے ہاں وہ ہے جو بہت جھگڑالو ہے"
وصل علی سیدنا محمد القائل وصب المؤمن کفارة لخطایاه و
اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ "مومن کی تھکان بھی کفارہ ہے اس کے گناہوں کے لیے اور
من استرجع عند المصیبة جبر الله مصیبته واحسن عقباه وجعل
جو مصیبت کے وقت " انا للہ وانا الیہ راجعون" کہے اللہ تعالیٰ اس کی مصیبت دور کر دے گا اور اس کا انجام اچھا کرے گا اس کو بہتر
له خلفا یرضاه وصل علی سیدنا محمد القائل استقبلوا امواج
بدل عطا کرے گا جس پر وہ راضی ہوگا اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا قول ہے" استقبال کرو بلیات کی
البلایا بالدعاء والتضرع واذا اختلفتم فی الطریق فعرضوه سبعة
امواج کا دعاؤں اور زاری کے ساتھ اور جب تم میں راستہ کی چوڑائی میں اختلاف ہو تو اسے سات ہاتھ چوڑا
اذرع وصل علی سیدنا محمد القائل النیاحة من عمل الجاهلیة
رکھو۔ اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر کہ جن کا قول ہے" نوحہ کرنا جاہلیت کے عمل سے ہے

وَالدَّیْنُ قَبْلَ الْوَصِیَّةِ وَلَیْسَ لِوَارِثٍ وَصِیَّةٌ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

اور قرض وصیت پر مقدم ہے (از روئے عمل وفعلیت کے) اور وارث کے لیے وصیت نہیں ہے اور صلواۃ نازل فرما سیدنا

الْقَآئِلِ الْمَیِّتُ یُعَذَّبُ فِیْ قَبْرِہٖ بِمَا نِیْحَ عَلَیْهِ وَاِنَّ اللّٰهَ اِذَآ اَنْعَمَ عَلٰی

محمدؐ پر جن کا قول ہے کہ "میت کو عذاب دیا جاتا ہے قبر میں اس پر نوحہ کی وجہ سے اور جب اللہ تعالیٰ کسی بندے پر انعام

عَبْدٍ نِّعْمَةً اَحَبَّ اَنْ تُرٰی عَلَیْهِ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَآئِلِ الْاِسْلَامُ

فرمائے تو پسند فرماتا ہے کہ اس کے اثرات اس پر دیکھے جائیں" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر کہ جن کا قول ہے" اسلام

یَهْدِمُ مَا قَبْلَهٗ وَمَا مِنْ رَّجُلٍ یُّصَلِّیْ عَلَیَّ مِائَةٌ اِلَّا غُفِرَ لَهٗ وَصَلِّ عَلٰی

گرا دیتا ہے پہلے والے گناہ اور نہیں کوئی مرد مسلم کہ اس پر نماز جنازہ پڑھیں سو آدمی مگر اس کو بخش دیا جائیگا" اور صلواۃ نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَآئِلِ اِنَّ اللّٰهَ لَا یَقْبَلُ عَمَلَ صَاحِبِ بِدْعَةٍ حَتّٰی یَدَعَ

سیدنا محمدؐ پر کہ جن کا قول ہے بیشک اللہ تعالیٰ قبول نہیں فرماتا بدعتی کا عمل خیر یہاں تک کہ اپنی بدعت کو

بِدْعَتَهٗ وَاِنَّ اَوَّلَ مَا یُجَازٰی بِهِ الْعَبْدُ بَعْدَ مَوْتِهٖ اَنْ یُّغْفَرَ لِمَنْ تَبِعَ

ترک کرے اور بیشک پہلا امر جس کی جزا دی جاتی ہے بندے کو مرنے کے بعد یہ ہے کہ بخشا جائے ہر وہ شخص جو اس کے

جَنَازَتَهٗ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَآئِلِ الْاَکْلُ فِی السُّوْقِ دَنَاءَةٌ وَ

جنازہ میں شامل ہو۔ اور صلواہ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کا قول ہے کہ" بازار میں کھانا کمینگی ہے " اور

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَآئِلِ مَنْ اَحَبَّ لِقَآءَ اللّٰهِ تَعَالٰی اَحَبَّ اللّٰهُ

صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر کہ جن کا قول ہے "جو شخص اللہ تعالیٰ کی ملاقات کو محبوب رکھے اللہ تعالیٰ اس کی

تَعَالٰی لِقَآئَهٗ وَمَنْ کَرِهَ لِقَآءَ اللّٰهِ کَرِهَ اللّٰهُ لِقَآئَهٗ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

ملاقات کو محبوب رکھے گا اور جو شخص اللہ تعالیٰ کی ملاقات کو پسند نہیں کرتا اللہ تعالیٰ اس کی ملاقات کو پسند نہیں کرتا" اور صلواۃ نازل فرما

مُحَمَّدِنِ الْقَآئِلِ لَا یُسْئَلُ بِوَجْهِ اللّٰهِ اِلَّا الْجَنَّةُ وَالْغُسْلُ یَوْمَ الْجُمُعَةِ

سیدنا محمدؐ پر جن کا قول ہے نہ طلب کی جائے اللہ تعالیٰ کی ذات کے وسیلہ سے مگر جنت اور جمعہ کے دن کا غسل

سُنَّةٌ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَآئِلِ مَنْ مَّاتَ یَوْمَ الْجُمُعَةِ اَوْ لَیْلَةَ

سنت ہے" اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کا قول ہے کہ " جو مومن وفات پائے جمعہ کے دن یا رات میں

الْجُمُعَةِ لَمْ یُسْئَلْ وَیَذْهَبُ الصَّالِحُوْنَ الْاَوَّلُ فَالْاَوَّلُ وَصَلِّ عَلٰی

اس سے باز پرس نہیں ہو گی اور نیک لوگ یکے بعد دیگرے انتقال کرتے جائیں گے۔ اور صلواۃ نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَآئِلِ اِنَّ اَعْجَلَ دُعَآءٍ اِجَابَةً دُعَآءُ غَآئِبٍ لِغَآئِبٍ

سیدنا محمدؐ پر جن کا قول ہے "سب سے جلد قبول ہونے والی دعا وہ ہے جو غائب کی غائب کے لیے ہو

وَاِذَآ اَصَابَ اَحَدُکُمْ مُّصِیْبَةٌ فَلْیَذْکُرْ مُصِیْبَتِیْ فَاِنَّهَا مِنْ اَعْظَمِ

اور جب پہنچے تم میں سے کسی کو مصیبت تو وہ میری جدائی والی مصیبت کو یاد کرے کیونکہ وہ سب

الْمَصَآئِبِ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَآئِلِ الْحِکْمَةُ یَمَانِیَّةٌ وَالْاِیْمَانُ

مصائب سے بڑی ہے۔ اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کا قول ہے "حکمت بھی اہل یمن کی ہے اور ایمان کامل

یَمَانِیٌّ وَمَنْ شَمَّ الْوَرْدَ وَلَمْ یُصَلِّ عَلَیَّ فَقَدْ جَفَانِیْ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

بھی اہل یمن کا ہے اور جس نے پھول سونگھا اور مجھ پر درود نہ پڑھا تو اس نے مجھ پر جفا کی اور صلواۃ نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدِنِ الْقَآئِلِ مِنْ تَمَامِ اِسْلَامِکُمْ اَنْ تُؤَدُّوْا زَکٰوةَ اَمْوَالِکُمْ وَاِنَّ اللّٰهَ لَا

محمدؐ پر جن کا قول ہے "تمہارے اسلام کی تکمیل اس امر میں ہے کہ اپنے اموال کی زکوٰۃ ادا کرو اور بیشک اللہ تعالےٰ

یَنْظُرُ اِلٰی صُوَرِکُمْ وَاَمْوَالِکُمْ وَلٰکِنْ یَّنْظُرُ اِلٰی قُلُوْبِکُمْ وَاَعْمَالِکُمْ وَصَلِّ عَلٰی

تمہاری صورتوں اور تمہارے اموال کو نہیں دیکھتا بلکہ وہ تمہارے قلوب و اعمال کو دیکھتا ہے۔ اور صلواۃ نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَآئِلِ یُغْفَرُ الشَّهِیْدُ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ اِلَّا الدَّیْنَ وَالْقَآئِلِ اَنَا

سیدنا محمدؐ پر جن کا قول ہے کہ بخشا جاتا ہے شہید کا ہر گناہ ماسوائے قرض کے اور جن کا قول ہے میں

وَکَافِلُ الْیَتِیْمِ فِی الْجَنَّةِ کَهَاتَیْنِ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَآئِلِ شَرُّ

اور یتیم کی کفالت کرنے والا جنت میں ان دو یعنی انگشت شہادت اور درمیانی انگلی، کی مانند ہوں گے اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر

الْمَاْکَلِ مَالُ الْیَتِیْمِ وَاِیَّاکُمْ وَبُکَاءَ الْیَتِیْمِ فَاِنَّهٗ یَسْرِیْ بِاللَّیْلِ وَالنَّاسُ

جن کا قول ہے کہ سب سے بدتر کھانا مال یتیم (کا کھانا) ہے اور دور رکھو اپنے آپ کو یتیم کی آہ و بکاء سے کیونکہ وہ چلتی ہے رات کو جبکہ لوگ

نِیَامٌ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَآئِلِ هَلَاکُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ عَلٰی یَدِ رَجُلٍ

سوئے ہوتے ہیں۔ اور صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کا قول ہے" اس اُمت کی ہلاکت منافق عالم کے ہاتھ پر

مُنَافِقٍ عَالِمٍ وَّلَا يُعَذِّبُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مَنْ رَّحِمَ الْيَتِيْمَ وَلَانَ لَهٗ فِی

ہو گی اور اللہ تعالیٰ قیامت کے دن عذاب نہ دے گا اسے جس نے رحم کیا یتیم پر اور اس کے لیے کلام

الْكَلَامِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَآئِلِ لَا تُوْضَعُ الرَّحْمَةُ اِلَّا فِی قَلْبِ تَقِیٍّ

میں نرمی کی۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ "نہیں رکھی جاتی رحمت مگر متقی کے دل میں

وَلَا تُنْزَعُ الرَّحْمَةُ اِلَّا مِنْ قَلْبِ شَقِیٍّ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَآئِلِ اجْعَلُوْا

اور نہیں کھینچی جاتی مگر بدبخت کے دل سے۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ "کچھ نمازیں

فِی بُيُوْتِكُمْ مِنْ صَلَاتِكُمْ وَلَا تَتَّخِذُوْهَا قُبُوْرًا وَّ الْقَآئِلِ لَوْ عَلِمْتُمْ مَآ اَعْلَمُ

یعنی نفلی گھروں میں ادا کرو اور گھروں کو قبرستان نہ بناؤ اور جن کا قول ہے "اگر تم جانتے جو میں جانتا ہوں

لَضَحِكْتُمْ قَلِيْلًا وَّ لَبَكَيْتُمْ كَثِيْرًا وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَآئِلِ الْحَلْفُ

تو ہنستے تھوڑا اور روتے زیادہ۔ اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے "قسم اٹھانا

حِنْثٌ اَوْ نَدَمٌ وَلَا يَمُوْتُ لِمُسْلِمٍ ثَلَاثَةٌ مِّنَ الْوَلَدِ فَتَمَسَّهُ النَّارُ اِلَّا تَحِلَّةَ

موجب ہے حانث ہونے کا یا ندامت کا اور نہیں فوت ہوتے مرد مسلم کے لیے تین بچے پھر مس کرے اسے آتش دوزخ

الْقَسَمِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَآئِلِ اَبْغَضُ الْحَلَالِ اِلَى اللّٰهِ الطَّلَاقُ وَ

مگر ایفائے عہد کے لیے اور صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جن کا قول ہے کہ سب سے زیادہ ناپسندیدہ امر اللہ تعالیٰ کے ہاں طلاق ہے

اَحَبُّ الْبِقَاعِ اِلَى اللّٰهِ الْمَسَاجِدُ وَاَبْغَضُ الْبِقَاعِ اِلَى اللّٰهِ الْاَسْوَاقُ وَصَلِّ

اور محبوب ترین قطعہ زمین سے اللہ تعالیٰ کے ہاں مساجد ہیں اور سب سے مبغوض اللہ تعالیٰ کے ہاں بازار ہیں۔ اور صلوٰۃ

